Majlis Khuddamul Ahmadiyya UK
WHAT IS THE SOLUTION TO THE GAZA CONFLICT?
In this Edition
Muhammadan the Perfect Preacher
Al - 2 Letters 2 Skies
Why I Became a Doctor
MKA Waqf-e-Nau to Chile
Faith and Mental Health
Volume 26 Issue 1

#FitnessFridayFact

SEHAT-E-JISMANI
FITNESS & WELLBEING

@AMYA_Sports

THE BEST EXERCISE
DAILY WALKING

HEALTH BENEFITS

- reduces stress & improves mood
- alleviates joint aches
- improves brain function
- burns calories & helps lose weight
- improves sleep quality
- strengthens immune systems
- reduces risk of major diseases
- improves blood circulation
- reduces cravings for sugar

TIPS

- walk parts of you commute to work
- park your car far away
- use the stairs more often
- catch up whilst walking not standing

STATS

2000 STEPS = 1 MILE
7000 STEPS = 3.6 MILES
10000 STEPS = 5 MILES

NORMAL WALK = 3 MPH
FAST WALK = 4 MPH

30 MINUTES = 3000 STEPS

BETWEEN 7000 & 8000 STEPS RECOMMENDED DAILY

mka.uk/fit

MAJLIS KHUDDAMUL AHMADIYYA UNITED KINGDOM

#FitnessFridayFact

SEHAT-E-JISMANI
FITNESS & WELLBEING

@AMYA_Sports

THE BEST RECOVERY SLEEPING

Ensuring a minimum of **7 hours sleep** can boost your health in a number of ways:

HEALTH BENEFITS

- BOOSTS YOUR IMMUNITY
- PREVENT WEIGHT GAIN
- IMPROVE MENTAL WELLBEING
- PREVENT DIABETES TYPE 2
- PROTECT AGAINST HEART DISEASE

TIPS

- good sleeping pattern
- wind down routine
- sleep friendly environment
- reduce screen time in bed

mka.uk/fit

MAJLIS KHUDDAMUL AHMADIYYA UNITED KINGDOM

The Evolution of Jamia Ahmadiyya
A *Journey* Through Time

1905 The Spark of Inspiration

11 October: Hazrat Abdul Karim Sialkoti Sahib[ra] passes away
3 December: Hazrat Burhanuddin Jehlumi Sahib[ra] passes away
December: The Promised Messiah[as] envisions Madrasa Ahmadiyya

1906 The Seed is Planted

6 January: Madrasa Ahmadiyya begins as part of Madrasa Talimul Islam

1909 Growing Independence

1 March: Madrasa Ahmadiyya becomes an independent institute

1928 A New Chapter Begins

15 April: Sadr Anjuman decides to establish Jamia Ahmadiyya
20 May: Hazrat Musleh Maud[ra] inaugurates Jamia Ahmadiyya in Qadian

1939_1944 Leadership Transitions

May 1939: Sahibzada Mirza Nasir Ahmad[rh] appointed as Principal
May 1944: Hazrat Abu Ata Jalandhari Sahib becomes Principal



1947 Overcoming Challenges

13 November: Classes resume in Lahore after the partition of India Jamia relocates to Chiniot, then Ahmad Nagar, Rabwah

2005 Expanding Horizons in the UK

1 October: Jamia Ahmadiyya UK inaugurated in Colliers Wood, London by Hazrat Khalifatul Masih V[aa]

2012 A New Home

21 October: 21 October: New Jamia Ahmadiyya UK complex inaugurated in Haslemere, Surrey by Hazrat Khalifatul Masih V[aa]

INSTRUCTIONS FOR ADMISSION TO JAMIA AHMADIYYA UK

Jamia Ahmadiyya UK will be holding entry test and interview on **1st and 2nd July 2025** for this year's intake of students. The following conditions apply:

Qualifications: Applicants with A-Level qualification will be given preference. Applicants with A-Levels qualification (passing with a minimum **B** in at least **3** subjects) will be accepted.

Applicants applying with GCSEs must obtain grades **8** and **9**.
BTEC qualification will not be accepted.

Age on Entry: Maximum age of 17 years for students with GCSE or 19 years with A-Levels or equivalent qualifications.

Medical Certificate: The applicants MUST submit a medical certificate from the GP with whom they have been registered.

Written Test and Interview: The applicants will take a written test and will appear before a Selection Board for interview. Only those who pass the written test will be invited for interview.

The written test and interview will be based on the recitation of the Holy Quran, the Waqfe Nau Syllabus, and proficiency in reading, writing and spoken English and Urdu languages. Furthermore, candidates will be judged on their potential of learning and reading the translation of the Holy Quran, Ahadith, the books of the Promised Messiah[as] as well as religious and general knowledge.

Procedure: Application will ONLY be accepted on the prescribed Admission Form available from the Jamia UK office.

Incomplete application form will not be accepted. It must be accompanied by the following documents:

- Application must be endorsed by the National Ameer.
- Medical certificate from the GP.
- Photocopies of the GCSE or A-Level results. If the results are awaited, the candidate must include a letter from his school/ sixth Form tutor about his projected grades.
- Copy of applicant's passport.
- One passport size photograph.
- An attested photo copy of the birth certificate.
- The spellings of the name must be the same as in the passport.

LAST DATE: The application for the 2025 entry MUST arrive by **30th May 2025**. Applications received after that will not be considered.

Applications should be addressed to:

THE PRINCIPAL
Jamia Ahmadiyya UK
Branksome Place
Hindhead Road
Haslemere
GU27 3PN

For any further help or clarification, please telephone:

+44(0)1428647170 or +44(0)1428647173 ,+44(0)7988461368(Mob. Zaheer Khan), Fax:+44(0)1428647188

Jamia is open from Monday to Saturday from 8 am to 2 pm. Visitors are welcome ONLY by prior appointments.

إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ

Surely, this Quran guides to the way which is most firm and right

Surah Bani Isra'il Verse 10

خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

The best of you is the one who learns Quran and teaches it.

Sahih al-Bukhari 5027

مَظْـــهَرُ الْاَوَّلِ وَالْاٰخِرِ،
مَظْـــهَرُ الْحَـــقِّ وَ الْـــعَلَاءِ۔
كَاَنَّ اللّٰه نَـــزَلَ مِنَ السَّـــمَاءِ

ارشاد مبارک سیدنا
حضرت خلیفة السمیح الخامس ایدہ اللّٰہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
خطبہ جمعہ 23/ فروری 2024ء

مَیں بچوں اور بعض نوجوانوں کو بھی اس سوال کا جواب دینا چاہتا ہوں، پہلے بھی کئی دفعہ دے چکا ہوں جو یہ کہتے ہیں کہ جب ہم سالگرہ نہیں مناتے تو حضرت مصلح موعودؓ کی سالگرہ کیوں منائی جاتی ہے؟

اس بارے میں واضح ہو جیسا کہ مَیں نے کہا مَیں کئی مرتبہ بیان کر چکا ہوں کہ **مرزا بشیر الدین محمود احمد رضی اللہ عنہ کی پیدائش کی سالگرہ نہیں منائی جاتی بلکہ پیشگوئی کے پورا ہونے پر جلسے کیے جاتے ہیں۔**

حضرت خلیفة المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیدائش تو 12/ جنوری 1889ء کی ہے۔ دوسرے جن گھروں میں یہ ذکر نہیں ہوتا وہاں خود والدین کو پڑھ کر بچوں کو بتانا بھی چاہیے، سمجھانا بھی چاہیے کہ پیشگوئی مصلح موعود کیا ہے۔ یہ ایک عظیم پیشگوئی ہے جو پہلے نوشتوں کے مطابق جن کی پہلے انبیاء نے بھی خبر دی اور پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی پیشگوئی کے مطابق اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو یہ اعلان کرنے کا فرمایا تھا۔

حضور نے مخالفت کی اور تجویز دی کہ بیرون ممالک سے کمپنیاں ملک میں سرمایاکاری کریں-اس سے قرضہ کی ضرورت نہیں پڑے گی-
حضور نے فوج کے حوالے سے اور سیاسی دفاع کے حوالے سے بھی مفید مشورے دیئے—

آپ نے گورنمنٹ کو ہندوستان، برطانیہ، امریکا اور سپین، ارجنٹین، جاپان، آسٹریلیا ایسٹ افریقہ اور عرب ممالک کے ساتھ باعزت دوستانہ تعلقات کو بہتر کرنے کے بارے میں مشورہ دیا-
اس کے علاوہ آپ نے پاکستان کے آئینی قانون کو اسلام کے مطابق بنانے پر زور دیا-
آج جب ہم حضرت مصلح موعودؓ کی سیاسی رہنمائی پر نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں ان کا نقطۂ نظر انتہائی دُور اندیش اور عملی محسوس ہوتا ہے۔ اگر ہم آج بھی ان کے بتائے ہوئے اصولوں پر عمل کریں تو نہ صرف امت مسلمہ بلکہ دنیا بھر کے انسانوں کے لیے امن، ترقی، اور خوشحالی کا ایک نیا دور شروع ہو سکتا ہے۔

اک وقت آئے گا کہ کہیں گے تمام لوگ
ملت کے اس فدائی پہ رحمت خدا کرے

مضامین لکھنے کا بھی آغاز فرمایا-یہ الفضل قادیان میں شائع ہوتے رہے-ان مضامین نے کشمیریوں میں ایک نیا جذبہ پیدا کیا-اس کے علاوہ آپؓ نے مظلوم کشمیریوں کے لئے ایک خطیر رقم بھجوائی-آپ نے وائسرائے ہند سے یکم اگست 1931 کو ملاقات کی اور کشمیریوں کے حق میں آواز اٹھائی-

حضور نے نومبر 1937 کو کشمیر فنڈ کے قیام کی تحریک فرمائی-آپ نے عالمی رہنماؤں اور تنظیموں کو کشمیری عوام کے مسائل سے آگاہ کرنے کے لئے احمدیہ جماعت کی عالمی سطح پر کوششوں کو استعمال کیا اس سلسلے میں چوہدری سر ظفر اللہ خانؓ نے سلامتی کونسل میں اہل کشمیر کی طرف سے نمائندگی کی-اس طرح حضور نے مسئلہ کشمیر کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے اور پرامن اور منصفانہ حل کے لئے کوششیں کیں-

1947 میں جب پاکستان کے لئے سرحدیں متعین ہو رہیں تھیں تو لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے دھوکہ سے مسلم اکثریت کا علاقہ پٹھان کوٹ بھارت کو دے دیا اور کشمیر کا زمینی رابطہ بھارت کے ساتھ ہو گیا-تب حضور نے پاکستان کی طرف سے جہاد کشمیر میں حصہ لینے کے لئے فرقان فورس بنائی-اور حضرت مرزا ناصر احمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کو اس کا قائد مقرر فرمایا-لڑائی میں ۱۹ احمدی جوانوں نے جام شہادت نوش فرمایا-

گو سلامتی کونسل کے فیصلہ کی تعمیل میں فرقان فورس واپس بلالی گئی-"مگر حضور تمام عمر آزادئ کشمیر کے لیے کوشاں رہے۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو **پیش گوئی مصلح موعود** میں **"رحمت کا نشان اور فتح و ظفر کی کلید"** قرار دیا تھا۔ ان دونوں دعوؤں کی صداقت مسلمانان ہندوستان کی تاریخ کے آئینہ میں واضح طور پر دیکھی جا سکتی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ آپ کے حصے میں جدید یونیورسٹیوں کے ایوان نہیں بلکہ مسجد کا گوشہ آیا تھا۔ آکسفورڈ اور ھارورڈ کے کلاس روم نہیں بلکہ مکتب کی چٹائی آئی تھی۔ لیکن آپ نے بے مثال ذہانت و فطانت سے مسلمانانِ ہندوستان کی نازک لمحوں میں کامیاب رہنمائی فرمائی-آپ کی رہنمائی کا یہ سلسلہ قیامِ پاکستان کے بعد بھی جاری رہا۔

قیام پاکستان کے بعد حضرت خلیفہ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے اپنے چھ خطابات میں حکومت کو بہت مفید مشورے دے-آپ نے فرمایا کہ

1. ملک کی ترقی کے لئے لکڑی کو بڑھایا جائے کیونکہ لکڑی کوئلے کا کام بھی دے سکتی ہے اور ایندھن کے بھی کام آئے گی-

2. شمالی علاقہ جات سے جڑی بوٹیاں اکٹھی کر کے ان سے دوائیاں تیار کر کے دوسرے ملکوں میں بھجوائی جائیں-اور اس سے زر مبادلہ کمایا جا سکے-

3. جب امریکا سے نہری نظام کو بہتر بنانے کے لئے قرضہ لینے کے بارے میں کوششیں کی جارہیں تھیں تو

بیسویں صدی کی دوسری دہائی میں آریہ سماج نے شدھی تحریک کا آغاز کیا اور مسلمانوں کو ہندو بنانے کا کام شروع کیا جس کے نتیجہ میں ہزاروں لاکھوں مسلمانوں نے ہندوؤں کے جبر اور لالچ میں آکر ہندو ازم کو قبول کرنا شروع کر دیا۔

ہندوؤں کی شدھی تحریک کی خبر جب حضرت خلیفہ المسیح الثانیؓ تک پہنچی تو آپ نے 9 مارچ 1923 کے خطبہ میں فرمایا کہ فتنہ شدھی کے لئے احمدی سر فروشوں کی ضرورت ہے - چنانچہ چند ہی دنوں میں احمدی مجاہدین کے قافلے مختلف علاقوں میں پہنچنے شروع ہو گئے -اور مجاہدین احمدیت کے ہاتھوں شدھی تحریک کو جس ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا اس کا اقرار ہندوؤں اور سکھوں دونوں کی طرف سے کیا گیا۔

تحریک پاکستان کے اہم ترین مراحل میں سے ایک اہم مرحلہ 1945-46ء کے ہندوستان میں مرکزی اور صوبائی اسمبلی کے انتخابات تھے جس میں آپؓ نے ہر احمدی کو مسلم لیگ کی زبردست مدد کرنے کی ہدایت فرمائی۔

اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کی زبان میں تاثیر رکھ دیتا ہے اور اسے اپنی زبان بنا لیتا ہے چنانچہ آپ کی اس تحریک کے نتیجہ میں حکومت برطانیہ نے لارڈ ویول کو لندن بلایا اور یوں ہندوستان کی آزادی کا آخری مرحلہ شروع ہوا۔

آپؓ نے آزادیٔ ہند کے مسئلہ کی طرف رجحان کو دیکھ کر 22 جون 1945ء کے خطبہ میں احمدیوں کو یہ پیغام دیا۔فرمایا۔

... ان دنوں میں اللہ تعالیٰ سے خاص طور پر دعائیں کرو کہ جن لوگوں کے ہاتھ میں یہ معاملات ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں اس بات کی توفیق عطا فرمائے کہ وہ راہ راست پر آجائیں اور ہندوستان کی غلامی کی زنجیروں کو کاٹ کر وہ ہندوستان کو اعلیٰ مقام پر پہنچانے والے ثابت ہوں۔

ان واقعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے مسلمانوں کو ایک عظیم مملکت دلانے میں کس قدر ان تھک محنت اور مسلسل تگ و دو فرمائی۔ان کی یہ خدمات کبھی بھی فراموش نہیں کی جا سکیں گی۔ حقیقت تو یہ ہے کہ جب بھی تعصب سے بالاتر ہو کر پاکستان کی تشکیل و تعمیر کا ذکر ہو گا تو آپ کا بھی ذکر خیر کیا جائے گا۔

حضورؓ نے کشمیری مسلمانوں کی تحریک آزادی کے لئے بھی بہت کاوشیں کیں -آپ نے کشمیریوں کی فلاح و بہبود کے لئے جو پہلا قدم اٹھایا وہ یہ تھا کہ کشمیری طلبہ کو تعلیم دلوانے کے لئے قادیان میں انتظام فرمایا-آپ نے کشمیری مسلمانوں میں سیاسی و مذہبی آزادی کے لئے 1909، 1921 اور 1929 میں تین دورے کئے -ان سفروں میں حضور نے اہل کشمیر کو اپنی مدد آپ اور آپس میں متحد اور منظم رہنے کی پرزور تلقین فرمائی-آپ نے 1931 میں آزادیٔ کشمیر کے متعلق

غیر معمولی بصیرت سے ان نقصانات کا اندازہ کر لیا جو جداگانہ انتخاب کے حق سے دستبرداری کے نتیجہ میں مسلمانان ہندوستان کو پہنچنے والے تھے۔ چنانچہ ستمبر 1927ء کو جب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ شملہ میں تھے تو قائداعظم محمد علی جناح کے ساتھ آپ کی کنگزلے میں دوسرے لیڈروں کے ساتھ ملاقات ہوئی اور آپ سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے جناح صاحب نے فرمایا:۔

مرزا صاحب! میں نہیں مان سکتا کہ نصب العین ہمارا یہ ہو کہ ہندوستانی قوم بلند مقام تک جا پہنچے اور اس کا ذریعہ یہ جداگانہ انتخاب ہو؟ قومیت صرف مشترکہ انتخاب کے ذریعہ سے ہی بن سکتی ہے۔

حضورؓ نے فرمایا کہ: جہاں تک آئیڈیل کا تعلق ہے، مشترکہ انتخاب قومیت کے لئے ضروری ہے۔ مگر اس وقت مسلمان حد درجہ کمزور ہیں۔ وہ مشترکہ انتخاب میں ہندو سرمایہ اور ہندو چالوں کا مقابلہ ہرگز نہیں کر سکیں گے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے اپنی خداداد فراست سے اعلیٰ قیادت کی بھی رہنمائی کی۔ تحریک پاکستان کی سیاسی جدوجہد میں آپ کا سب سے بڑا کارنامہ یہ بھی ہے کہ آپؓ نے 1933ء میں جب ایسے حالات پیدا ہو گئے کہ قائداعظم محمد علی جناح نے مایوسی کے عالم میں ہندوستان چھوڑ کر لندن جا بیٹھنا گوارا کر لیا تھا تو آپؓ کی ہدایت پر جو آپ نے حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب دردؓ کو فرمائی تھی کہ قائداعظم کو وطن واپس لانے کی سعی کریں تاکہ وہ مسلمانوں کے حقوق کے لئے سابقہ کوشش جاری رکھیں۔ آپؓ نے کوشش فرمائی اور قائداعظم کو واپس لانے میں کامیابی حاصل کی جو تاریخ کے ریکارڈ میں محفوظ ہے جس کا اِقرار خود محمد علی جناح صاحب نے بھی کیا۔

لیکن جہاں تک قائداعظم کی جانب سے جداگانہ انتخاب کے حق سے دستبردار ہونے کی فراخدلانہ پیشکش کا تعلق ہے، دائیں بازو کی ہندو قیادت اس پر بھی مطمئن نہ ہوئی۔ چنانچہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان نفرت کی خلیج کو مزید گہرا کرنے کے لیے، ایک جانب انہوں نے شدھی اور سنگھٹن جیسی تحریکیں شروع کیں، اور دوسری جانب نہایت دل آزار کتاب 'رنگیلا رسول' اور رسالہ 'ورتمان' شائع کیا، جن میں آنحضرت ﷺ کی شانِ اقدس میں سخت گستاخی کی گئی۔ ان اشاعتوں کا مقصد صرف اور صرف ہندو مسلم اختلاف کو ہوا دینا تھا۔

حضور رضی اللہ عنہ نے اس مرحلہ پر آنحضرت ﷺ کی ناموس و حرمت کی حفاظت کے لئے ملکی سطح پر کامیاب تحریک چلائی چنانچہ 17/جون 1927ء کو ہندوستان کے طول و عرض میں یوم سیرت النبی ﷺ منایا گیا اور فضا آنحضرت ﷺ پر درود و سلام سے گونج اُٹھی۔

اور اشاعت کی تلقین کیا کرتے تھے لیکن حکومت برطانیہ کی طرف سے نئی پالیسی کا اعلان ہونے کے بعد محض اسلامی ہمدردی کی بنا پر مسلمانوں کی ترجمانی اور اُن کے مفادات کے تحفظ کے لئے میدانِ عمل میں آگئے اور آپ نے مصمم ارادہ کر لیا کہ ملکی امن کو برقرار رکھنے کے لئے حکومت سے تعاون بھی جاری رکھیں گے اور مسلم حقوق کو بھی پامال نہیں ہونے دیں گے۔

(تاریخ احمدیت جلد 4 صفحہ 202)

چنانچہ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کی ہدایت کے مطابق 15/نومبر 1917ء کو احمدیہ وفد مسٹر مانٹیگو سے ملا اور مسلم مفادات کے تحفظ کے لئے مشورہ دیا کہ:

انتخاب کا کوئی ایسا طریق نہ رکھا جائے کہ جس میں قلیل التعداد جماعتیں نقصان میں رہیں۔

(تاریخ احمدیت جلد 4 صفحہ 203)

11/نومبر 1918ء کو جنگ عظیم اوّل کا خاتمہ ہو گیا۔ جنگ کے خاتمے پر تمام ملک ہندوستان میں خوشی منائی گئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے جنگ عظیم اوّل میں کام آنے والے فوجی مسلمانوں کے بچوں کی تعلیم کے فنڈ کے لئے پانچ ہزار روپے عطا فرمائے۔

چونکہ برصغیر ہندوستان میں دو قومیں آباد تھیں. لہٰذا دو قومیں آباد ہونے کی وجہ سے لازماً دو قومی نظریہ کی بنیاد پڑنا تھی مسلمان اس بات پر مجبور ہو گئے کہ وہ انگریز سے اپنے حقوق حاصل کرنے کے لئے ہاتھ پاؤں ماریں چنانچہ اس مقصد کے پیش نظر مسلم لیگ کی بنیاد بمقام ڈھاکہ بنگلہ دیش سابقہ مشرقی پاکستان 30 دسمبر 1906ء کو پڑی لیکن مسلمانوں کے اس حق کے خلاف ہندو مہا سبھا کے لیڈروں نے منظم مہم شروع کر دی کانگرس نے مسلم لیگ پر زور دینا شروع کر دیا کہ وہ مشترکہ انتخاب پر راضی ہو جائے تو اس کے تمام مطالبات تسلیم کر لئے جائیں گے قائداعظم بھی ہندو مسلم اتحاد کی خاطر اس پر متفق ہو گئے لیکن حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے جن کی زندگی کا لمحہ لمحہ احیائے اسلام اور تبلیغ اسلام کے لئے وقف تھا، اپنی

حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کی سیاسی رہنمائی

مرزا انس احمد۔ مقامی ریجن

حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضؓ کی خدمات کو دو حصوں میں تقسیم کر کے بیان کیا جا سکتا ہے۔ ایک مذہبی اور دینی خدمات اور دوسرے قومی و ملی خدمات ۔اس سلسلہ میں یہ امر بھی واضح رہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ سیاسی معاملات کو بھی دین اسلام کی تعلیمات کے تابع ہی دیکھنا چاہتے تھے ۔

آپ کا ملکِ ہندوستان میں سیاسی رہنمائی کیلئے بوقت ضرورت اپنا قیمتی وقت دینا صرف مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت کی خاطر تھا۔

جب حضرت خلیفہ المسیح الثانیؓ 1914 میں منصب خلافت پر فائز ہوئے تو اس وقت جنگ عظیم اول کا آغاز ہو چکا تھا۔جنگ عظیم اوّل کے آغاز کے ساتھ ہی ملک کی تمام سیاسی، مذہبی تنظیموں نے حکومت برطانیہ سے تعاون اور یکجہتی کا اظہار کیا لیکن صورت حال اُس وقت پیچیدہ ہو گئی جب اکتوبر 1914ء میں ترکی نے جرمنی ، برطانیہ اور روس کے خلاف اعلان جنگ کر دیا۔حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے 9/نومبر 1914ء کو اپنے مضمون میں ترکی کے جنگ میں شامل ہونے کو بے سبب اور بے وجہ قرار دیا۔ اِدھر حکومت برطانیہ نے اپنی جنگ کو اخلاقی جواز دینے کے لئے ایک اہم اعلان کیا چنانچہ 20/اگست 1917ء کو وزیر ہند مانٹیگو (Montiguo) نے پالیسی بیان دیتے ہوئے اعلان کیا:

حکومت کا منشاء یہ ہے کہ ہندوستان کو خود مختار کر دیا جائے ۔

حکومت برطانیہ کے اس پالیسی بیان کے بعد مسلمان اقلیت کو بھی اپنے مستقبل کے متعلق خدشات لاحق ہو گئے۔ مسلمان ہندوستان میں اقلیت میں تھے اور وہ سیاست میں ہندوؤں سے بہت پیچھے رہ گئے اور وہ منظّم بھی نہیں تھے ۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ اپنی جماعت کو سیاست سے کنارہ کش ہو کر اسلام واحمدیت کی تبلیغ

دل میں یہی ہے ہر دم تیرا صحیفہ چوموں
قرآں کے گرد گھوموں کعبہ مرا یہی ہے

لعل یمن بھی دیکھے دُرِّ عدن بھی دیکھے
سب جوہروں کو دیکھا دل میں جچا یہی ہے

کلام سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام

میرے فرقہ کے لوگ اس قدر علم اور معرفت میں کمال حاصل کریں گے کہ اپنی سچائی کے نور اور اپنے دلائل اور نشانوں کے رُو سے سب کا منہ بند کر دیں گے۔ اور ہر ایک قوم اس چشمہ سے پانی پیئے گی اور یہ سلسلہ زور سے بڑھے گا اور پھولے گا یہاں تک کہ زمین پر محیط ہو جاوے گا۔ بہت سی روکیں پیدا ہوں گی اور ابتلاء آئیں گے مگر خدا سب کو درمیان سے اٹھادے گا اور اپنے وعدہ کو پورا کرے گا۔ اور خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ مَیں تجھے برکت پر برکت دوں گا یہاں تک کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔ سو اے سُننے والو! اِن باتوں کو یاد رکھو۔ اور اِن پیش خبریوں کو اپنے صندوقوں میں محفوظ رکھ لو کہ یہ خدا کا کلام ہے جو ایک دن پورا ہو گا۔

(روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 409 تا 410)

صرف اسی کے دقیق پہلوؤں پر گفتگو ہوتی رہے گی۔
میں ایڈیٹر صاحب سے درخواست کروں گا کہ اپنے پیارے خدام بھائیوں کے علمی ذوق کی خاطر ہر ایک پہلو کو تفصیل کے ساتھ قسط وار شائع کر سکوں۔ اس کے ساتھ میری آپ دوستوں سے یہ بھی درخواست ہے کہ خدا کے لیے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کلام کو پڑھنا شروع کریں۔ آپ کی سوچ میں پاکیزگی اور بصیرت میں اس حد تک وسعت آجائے گی کہ آپ خود حیران رہ جائیں گے کہ کس طرح کسی بھی وقت فی البدی کسی بھی انسان سے کسی بھی موضوع پر آپ گفتگو کر سکیں گے۔ جسمانی پیدائش اور روحانی پیدائش کے تقابلی جائزے پر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جو تحریر براہین احمدیہ حصہ پنجم میں درج ہے اسے پڑھ کر میں یقین سے کہتا ہوں کہ آپ لوگ بھی اس بات کو تسلیم کرنے سے قاصر نہیں رہ سکیں گے کہ آپ کے ہاتھ دنیا کا ایک سب سے نایاب اور انمول خزانہ لگ گیا ہے۔ جب میں نے یہ تحریر پڑھی تو خوشی سے جھوم اٹھا تھا اور آپ علیہ السلام کی وہ بات ذہن میں آئی کہ آپ کہا کرتے تھے کہ تم عیسی کو زندہ کرنے میں لگے ہوئے ہو میں تمہیں عیسی بنانے آیا ہوں، اور یہ کہ ولی بنو ولی پرست نہ بنو۔

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام کا دقیق علمِ قرآن ایک زندہ معجزہ ہے جو آپ علیہ السلام کی صداقت پر گواہ ہے۔ آپ نے قرآن کریم کی حقیقی تعلیمات کو دنیا کے سامنے پیش کیا اور ثابت کیا کہ قرآن ہر زمانے کے لیے ایک کامل ہدایت نامہ ہے۔

آپ علیہ السلام نے اپنی تحریرات میں قرآن کریم کی حکمتوں کو نہایت واضح اور آسان الفاظ میں بیان کیا تاکہ عام لوگ بھی قرآن کے معانی کو سمجھ سکیں۔ آپ کی کتب مثلاً **«براہین احمدیہ»**، **«فتح اسلام»**، اور **«ازالہ اوہام»** میں قرآن کے دقیق علوم پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔ ان تحریرات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے قرآن کے ہر پہلو کو گہرائی سے سمجھا اور بیان کیا۔ آپ علیہ السلام کی محنت اور دعا کے نتیجے میں بے شمار لوگ قرآن کی حقیقی عظمت کو پہچاننے کے قابل ہوئے۔

حضرت مرزا غلام احمد علیہ السلام کی قرآنی بصیرت اور اس کی جدید سائنسی حقائق کے ساتھ مطابقت، قرآن کریم کی الہامی حیثیت اور آپؑ کے کمالِ فہم و فراست کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ آپؑ نے واضح کیا کہ قرآن تمام علوم کا سرچشمہ ہے اور ہر دور کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اس میں حقائق موجود ہیں۔ یہ علم و عرفان اس بات کا ثبوت ہے کہ حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے اور قرآن کے حقیقی خادم تھے۔

میری آپ بھائیوں سے عاجزانہ درخواست ہے کہ آج ہی اپنے آپ سے عہد کریں کہ آپ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پاک کلام کو ضرور بالضرور پڑھنا شروع کریں گے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے اس الہام کا مصداق بنائے کہ

ترجمہ: کیا انہوں نے دیکھا نہیں جنہوں نے کفر کیا کہ آسمان اور زمین دونوں مضبوطی سے بند تھے پھر ہم نے اُن کو پھاڑ کر الگ کر دیا اور ہم نے پانی سے ہر زندہ چیز پیدا کی۔ تو کیا وہ ایمان نہیں لائیں گے؟

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اس آیت کی تشریح میں بیان فرمایا کہ یہ: رتق (بند ہونا) اور فتق (پھٹنا) کے الفاظ کائنات کی ابتدا کی جانب اشارہ کرتے ہیں۔ آپؑ نے فرمایا کہ:

یہ آیت جدید سائنس کے اُس نظریہ کو پیش کرتی ہے جسے آج کل بگ بینگ تھیوری کہتے ہیں، یعنی زمین و آسمان ایک ہی وجود تھا، اور پھر وہ پھٹ کر الگ ہو گئے۔ یہ قرآن کی پیشگوئی ہے جس کی تصدیق جدید سائنس کرتی ہے۔

اب اسی آیت کے چھپے ہوئے معارف ایک اور زاویے سے دیکھیے۔

زمین اور آسمان دونوں ایک گٹھڑی کی طرح بندھے ہوئے تھے جن کے جوہر مخفی تھے ہم نے مسیح کے زمانہ میں وہ دونوں گٹھڑیاں کھول دیں اور دونوں کے جوہر ظاہر کر دیئے۔۔۔۔ کیا یہ سچ نہیں کہ اس زمانہ میں زمین کی گٹھڑی ایسی کھلی ہے کہ ہزارہا نئی حقیقتیں اور خواص اور کلیں ظاہر ہوتی جاتی ہیں۔ پھر آسمانی گٹھڑی کیوں بند رہے. آسمانی گٹھڑی کی نسبت گذشتہ نبیوں نے بھی پیشگوئی کی تھی کہ بچے اور عورتیں بھی خدا کا الہام پائیں گی اور وہ مسیح موعود کا زمانہ ہو گا۔

(روحانی خزائن جلد ۱۷۔ صفحہ نمبر 17)

قرآن کریم سے معلوم ہوتا ہے اور حال کی تحقیقات بھی اس کی مصدّق ہیں کہ عالم کبیر بھی اپنے کمال خلقت کے وقت تک ایک گٹھڑی کی طرح تھا جیسا کہ اللہ جلّ شانہٗ فرماتا ہے:

اَوَلَمۡ یَرَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ کَانَتَا رَتۡقًا فَفَتَقۡنٰہُمَا ؕ وَجَعَلۡنَا مِنَ الۡمَآءِ کُلَّ شَیۡءٍ حَیٍّ ؕ اَفَلَا یُؤۡمِنُوۡنَ

سورۃ الأنبیاء 31

یعنی فرماتا ہے کہ کیا کافروں نے آسمان اور زمین کو نہیں دیکھا کہ گٹھڑی کی طرح آپس میں بندھے ہوئے تھے اور ہم نے ان کو کھول دیا۔ سو کافروں نے تو آسمان اور زمین بنتا نہیں دیکھا اور نہ ان کی گٹھڑی دیکھی لیکن اس جگہ روحانی آسمان اور روحانی زمین کی طرف اشارہ ہے جس کی گٹھڑی کفار عرب کے روبرو کھل گئی اور فیضان سماوی زمین پر جاری ہو گئے۔

(روحانی خزائن جلد ۵، صفحہ 190 تا 192 حاشیہ در حاشیہ)

صرف اس ایک عنوان پر تفصیل سے ذکر کرنا شروع کروں تو کئی دنوں تک مسلسل اور کئی سو صفحات پر



اَوَلَمۡ یَرَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ
کَانَتَا رَتۡقًا فَفَتَقۡنٰہُمَا ؕ وَجَعَلۡنَا مِنَ الۡمَآءِ
کُلَّ شَیۡءٍ حَیٍّ ؕ اَفَلَا یُؤۡمِنُوۡنَ

سورۃ الأنبیاء ۳۱

کیا انہوں نے دیکھا نہیں جنہوں نے کفر کیا کہ آسمان اور زمین دونوں
مضبوطی سے بند تھے پھر ہم نے اُن کو پھاڑ کر الگ کر دیا اور ہم نے پانی
سے ہر زندہ چیز پیدا کی۔ تو کیا وہ ایمان نہیں لائیں گے ؟

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام قرآن کریم کے علوم و معارف کو سمجھنے اور بیان کرنے میں ایک منفرد مقام رکھتے ہیں۔ آپ علیہ السلام کا دقیق علم قرآن اس بات کا گواہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو قرآن کے ان اسرار و رموز سے آگاہ کیا جو عام طور پر لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہیں۔

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام نے فرمایا کہ:

قرآن کریم ہر قسم کے روحانی اور دنیاوی مسائل کا حل پیش کرتا ہے۔ آپ علیہ السلام نے قرآن کو ایک جامع کتاب قرار دیا جو قیامت تک کے لیے انسانیت کی رہنمائی کرتی ہے۔ آپ نے یہ دعویٰ کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپؑ کو قرآن کے حقیقی معانی اور مطالب سمجھائے ہیں، اور آپ علیہ السلام نے یہ علوم دنیا کے سامنے پیش کیے تاکہ لوگ قرآن کی عظمت کو سمجھ سکیں۔

آپ علیہ السلام نے قرآن کریم کی کامل تعلیم اور اس کے بے عیب ہونے کے بارے میں چیلنج پیش کیا ہے۔ یہ بات قرآن کریم کے عظیم الشان مقام اور اس کے کمالات پر آپ علیہ السلام کے غیر متزلزل ایمان کی عکاسی کرتی ہے۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا۔ **اگر کوئی شخص ایک ذرہ کا ہزارم حصہ بھی قرآن شریف کی تعلیم میں کچھ نقص نکال سکے یا بمقابلہ اس کے اپنی کسی کتاب کی ایک ذرہ بھر کوئی ایسی خوبی ثابت کر سکے کہ جو قرآنی تعلیم کے برخلاف ہو اور اس سے بہتر ہو تو ہم سزائے موت بھی قبول کرنے کو طیار ہیں۔**

(روحانی خزائن جلد ا۔ صفحہ 298)

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام نے قرآن کریم کے کئی ایسے مقامات کی تشریح کی جہاں جدید سائنسی تحقیقات قرآن کے حقائق کی تصدیق کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ نے زمین و آسمان کی تخلیق، بارش کے نظام، زندگی کا آغاز اور ارتقا، کائنات کی وسعت، روحانی پیدائش اور جسمانی پیدائش کا تقابلی جائزہ، روحانی پیدائش کے مراحل، خاتم النبیین کی حقیقت، مسیح علیہ السلام کی وفات، قرآن اور سائنسی حقائق اور عالمی جنگوں کے متعلق قرآنی آیات کو ایسے زاویے سے بیان کیا جو عصرِ جدید کے سائنسی تصورات سے ہم آہنگ ہیں۔ آپؑ نے فرمایا کہ قرآن کریم تمام انسانی علوم کے لیے منبع ہے، اور اس میں ایسے حقائق پوشیدہ ہیں جو وقت کے ساتھ ظاہر ہوتے رہیں گے۔ ان میں سے ایک مختصر طور پر آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

قرآن کریم میں زمین و آسمان کی تخلیق کے بارے میں فرمایا گیا:

اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْۤا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ کُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ ؕ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ

سورۃ الأنبیاء 31

حیثیت ہے۔مجھے ایک سماوی آدمی مانو پھر یہ سارے جھگڑے اور تمام نزاعیں جو مسلمانوں میں پڑی ہوئی ہیں ایک دم میں طے ہو سکتی ہیں۔جو خدا کی طرف سے مامور ہو کر حَکَم بن کر آیا ہے جو معنی قرآن شریف کے وہ کرے گا وہی صحیح ہوں گے اور جس حدیث کو وہ صحیح قرار دے گا وہی صحیح حدیث ہو گی۔

ملفوظات جلد دوم صفحہ 25

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی یہ عبارت ان کے مقام اور حیثیت کو واضح کرنے کے ساتھ ساتھ ان لوگوں کے لیے ایک انتباہ ہے جو آپؑ کی بعثت کو معمولی سمجھتے ہیں۔ آپؑ نے اپنی بعثت کو انبیاء کی سنت کے مطابق قرار دیا اور لوگوں کو تاکید کی کہ وہ آپ کی طرف آئیں اور خدا تعالیٰ کے پیغام کو سنیں۔

دہلی کے اخبار کرزن گزٹ کے ایڈیٹر مرزا حیرت دہلوی نے لکھا ہے:**مرحوم کی وہ اعلیٰ خدمات جو اس نے آریوں اور عیسائیوں کے مقابلہ میں اسلام کی کی ہیں وہ واقعی بہت ہی تعریف کی مستحق ہیں۔ اس نے مناظرہ کا رنگ ہی بدل دیا۔اور ایک عجیب لٹریچر کی بنیاد ہندوستان میں قائم کر دی۔کسی بڑے سے بڑے آریہ اور بڑے سے بڑے پادری کو یہ مجال نہ تھی کہ وہ مرحوم کے مقابلے میں زبان کھول سکتا۔۔۔۔۔اس کا پرزور لٹریچر اپنی شان میں بالکل نرالا ہے اور واقعی اس کی بعض عبارتیں پڑھنے سے ایک وجد کی سی حالت طاری ہو جاتی ہے۔**

ہیں۔ کیونکہ وہ ہمیں دیکھ کر قرآن کریم کو سمجھنا چاہتے ہیں (یہ کہہ کر آپ نے اپنی ہتھیلیوں کو اٹھایا اور انگلیوں کو کشادہ کیا) وہ قرآن مجید کے پس منظر میں ایسی قوموں کو دیکھتے ہیں جن پر جہالت و ذلت چھائی ہوئی ہے اور وہ خود اعتمادی کھو چکی ہیں وہ کہتے ہیں اگر یہ کتاب صداقت پر مبنی ہوتی اور اصلاح کرنے والی ہوتی تو اس کے اتباع ایسے نہ ہوتے جیسا کہ ہم مشاہدہ کر رہے ہیں۔ علامہ جمال الدین افغانی مسلمانوں کے دینی زوال کو دیکھ کر اس نتیجے پر پہنچے کہ ان کے اخلاقی اقدار اس درجے خراب ہو چکے ہیں کہ اصلاح کی کوئی امید باقی نہیں۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر نئی مخلوق پیدا ہوتی اور نئے دور کی ابتدا ہوتی اور اس وقت جو لوگ ہیں وہ سب مر جاتے ہیں۔ صرف وہی زندہ رہتے جو ۱۲ سال سے کم عمر رکھتے ہیں اور نئی تربیت میں ان کا اٹھان ہوتا۔ جو ان کی راہ سلامت تک پہنچا دیتی۔

(مقام جمال الدین افغانی صفحہ 88)

اس ہوش ربا اور مایوس کن ماحول میں حضرت بانی سلسلہ احمدیہ مطلع عالم پر نمودار ہوئے اور رب ذوالجلال کے حکم سے جماعت احمدیہ کی بنیاد رکھی۔ آپ علیہ الصلوۃ والسلام خدائی وعدوں کے مطابق اپنی آمد کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

”جب تیرھویں صدی کا آخیر ہوا اور چودھویں صدی کا ظہور ہونے لگا۔ تو خدا تعالیٰ نے الہام کے ذریعہ سے مجھے خبر دی کہ تو اس صدی کا مجدّد ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ الہام ہوا کہ

اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ قُلْ اِنِّيْ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ

یعنی خدا نے تجھے قرآن سکھلایا اور اس کے صحیح معنے تیرے پر کھول دیئے۔ یہ اس لئے ہوا کہ تا تُو ان لوگوں کو بد انجام سے ڈراوے کہ جو بباعثِ پُشت در پُشت کی غفلت اور نہ متنبّہ کئے جانے کے غلطیوں میں پڑ گئے اور تا اُن مجرموں کی راہ کھل جائے کہ جو ہدایت پہنچنے کے بعد بھی راہ راست کو قبول کرنا نہیں چاہتے ان کو کہہ دے کہ مَیں مامور من اللہ اور اوّل المومنین ہوں۔

(روحانی خزائن جلد 13 صفحہ 201-202 حاشیہ)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ **میرے پاس آؤ اور میری سنو! میری حیثیت ایک معمولی مولوی کی حیثیت نہیں ہے بلکہ میری حیثیت سنن انبیاء کی سی**

قرآن مجید

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا دقیق علمِ قرآن

شاہ زیب رانا۔ شیفیلڈ جماعت

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ آخری زمانہ میں آنے والے مسیح کے متعلق فرماتے ہیں کہ

”عجب نہیں کہ علماء ظاہر حضرت عیسی علیہ السلام کے مجتہدات کو ان کے ماخذ کے کمال دقیق اور پوشیدہ ہونے کے باعث انکار جانیں اور ان کو کتاب و سنت کے مخالف جانیں۔“

(مکتوبات امام ربانی دفتر دوم حصہ نمبر 7 مکتوب 55 صفحہ 14 متبوعہ 132ھ)

چودھویں صدی ہجری کے آغاز تک مسلمانانِ عالم خواب غفلت میں سو رہے تھے۔ ایسے میں کئی علماء حق اس بات کا اعتراف کر چکے تھے کہ قرآن کریم کے صرف الفاظ باقی ہیں اور عمل اٹھ چکا ہے۔ مثال کے طور پر پان اسلام ازم کے بانی سید جمال الدین افغانی جیسے عظیم قومی لیڈر (جنہیں شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال نے مجدد قرار دیا ہے) بھی یہ نظریہ قائم کر چکے تھے کہ

”اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہم یورپ کے آزاد انسانوں کو اپنے مذہب کی دعوت دیں تو ہمارا فرض ہو گا کہ سب سے پہلے ہم انہیں قائل کر دیں کہ ہم مسلمان نہیں



فرمایا کہ جس نے سورۃ الکہف کی ابتدائی دس آیات کو زیر تلاوت رکھا، وہ دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔ یوں آپ ﷺ نے اپنی امت کو دجال کے فتنہ سے ایک لطیف انداز میں آگاہ بھی کر دیا کہ یہ فتنہ مسیحیوں سے نکلے گا کیونکہ سورہ کہف میں انہیں کا ذکر ہے۔

آخر میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بیان فرمودہ ایک اقتباس پیش ہے۔ آپ علیہ السلام فرماتے ہیں:

وہ انسان جس نے اپنی ذات سے اپنی صفات سے اپنے افعال سے اپنے اعمال سے اور اپنے روحانی اور پاک قویٰ کے پر زور دریا سے کمالِ تام کا نمونہ علماً و عملاً و صدقاً و ثباتاً دکھلایا اور انسان کامل کہلایا... یعنی اپنے تمام عمل اور فعل سے اعلیٰ نمونے دکھائے جو ایک مکمل انسان کے ہو سکتے ہیں۔ وہ انسان جو سب سے زیادہ کامل اور انسان کامل تھا اور کامل نبی تھا اور کامل برکتوں کے ساتھ آیا جس سے روحانی بعث اور حشر کی وجہ سے دنیا کی پہلی قیامت ظاہر ہوئی اور ایک عالَم کا عالَم مرا ہوا اس کے آنے سے زندہ ہو گیا۔ وہ مبارک نبی حضرت خاتم الانبیاء امام الاصفیاء، ختم المرسلین، فخر النبیّین جناب محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اے پیارے خدا! اس پیارے نبی پر وہ رحمت اور درود بھیج جو ابتدائے دنیا سے تُو نے کسی پر نہ بھیجا ہو۔ اگر یہ عظیم الشان نبی دنیا میں نہ آتا تو پھر جس قدر چھوٹے چھوٹے نبی دنیا میں آئے جیسا کہ یونسؑ اور ایوبؑ اور مسیح بن مریمؑ اور ملاکیؑ اور یحییٰ ؑ اور زکریاؑ وغیرہ وغیرہ ان کی سچائی پر ہمارے پاس کوئی بھی دلیل نہیں تھی اگرچہ سب مقرب اور وجیہہ اور خدا تعالیٰ کے پیارے تھے۔ یہ اسی نبی کا احسان ہے کہ یہ لوگ بھی دنیا میں سچے سمجھے گئے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

(اتمام الحجۃ۔روحانی خزائن جلد 8 صفحہ 308)

نے جنگ کی بجائے صلح کا راستہ اختیار کیا۔ بظاہر یہ معاہدہ مسلمانوں کے حق میں کمزور نظر آتا تھا۔ لیکن آپ ﷺ نے اس معاہدے کو قبول کر کے فراست و حکمت کا مظاہرہ کیا۔ آپ ﷺ کی نظر بصیرت دیکھ رہی تھی کہ اس معاہدہ کا نہایت نیک انجام ہو گا۔ جبکہ صحابہ کی تلواریں داد شجاعت دینے کو ترس رہی تھیں مگر رسول اللہ ﷺ کے سامنے اطاعت سے گردنیں جھکائے ہوئے تھے۔ حضرت عمرؓ سے تو رہا نہ گیا تھا۔ لیکن آپ ﷺ نے صحابہ کو سمجھایا کہ یہ صلح وقتی طور پر بھلے ہی نقصان دہ معلوم ہو، لیکن اس کے دور رس نتائج بہت بہتر ہوں گے۔ چنانچہ بعد میں یہی صلح مسلمانوں کی فتح اور اسلام کے پھیلاؤ کا سبب بنی۔

کے فروغ اور مسلمانوں کی فتح کا پیش خیمہ تھا۔ صلح حدیبیہ نے مسلمانوں کو جنگ کے بغیر فتح حاصل کرنے کا سبق دیا۔ آپ ﷺ کی بے مثال حکمت، بصیرت اور دوراندیشی کی وجہ سے مسلمانوں کو عظیم کامیابیوں سے نوازا گیا۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنے فارسی منظوم کلام میں فرماتے ہیں:

در دِلم جوشد ثنائے سرورے
آنکہ در خوبی ندارد ہمسرے
آنکہ جانش عاشقِ یارِ ازل
آنکہ روحش واصلِ آں دلبرے

یعنی میرے دل میں اس سردار آقاؐ کی تعریف جوش مار رہی ہے، جو خوبی میں اپنا کوئی ثانی نہیں رکھتا۔
وہ جس کی جان خدائے ازل کی عاشق ہے، وہ جس کی روح اس دلبر سے واصل ہے۔

صلح حدیبیہ کے بعد دو سال کے عرصے میں اسلام حیرت انگیز طور پر پھیلا۔ اس سے پہلے چھ سال میں مسلمانوں کی تعداد کچھ ہزار تھی، لیکن صلح کے بعد کئی گنا بڑھ گئی۔ اس دوران بہت سے اہم شخصیات نے اسلام قبول کیا، جن میں حضرت خالد بن ولیدؓ اور حضرت عمرو بن العاصؓ جیسے کبار صحابہ شامل تھے۔ کہاں جنگ بدر کے موقع پر ۳۱۳ صحابہ تھے اور صلح حدیبیہ کے موقع پر ۱۴۰۰ کی تعداد تھی۔ مگر اس صلح کے دو سال کے بعد آپ ﷺ دس ہزار قدوسیوں کے ساتھ مکہ میں بغیر کسی لڑائی کے داخل ہوئے۔ یہ سب اس صلح کے نتیجے میں ممکن ہوا، کیونکہ جنگ بندی کے بعد مسلمانوں کو اپنے پیغام کو پھیلانے کا بہترین موقع ملا۔ اس معاہدہ کے نتائج نے یہ ثابت کیا کہ یہ اسلام

آنحضرت ﷺ کی حکمت اور قوت بصیرت کی ایک نمایاں مثال آپ کا قرآن کریم کی تفسیر بیان کرنا بھی ہے، خاص طور پر اس حوالے سے جسے عام لوگ نہیں جانتے تھے۔ اس کی ایک واضح مثال دجال کے فتنہ سے بچنے کے متعلق ہے۔

یہ امر قابل غور ہے کہ پورے قرآن کریم میں کہیں بھی دجال کے لفظ کا ذکر نہیں۔ مگر آپ ﷺ نے تعلیم

اسی طرح صلح حدیبیہ کے موقع پر جب سہیل بن عمرو آنحضرت ﷺ کے پاس کفار مکہ کی طرف سے معاہدہ طے کرنے کے لئے پہنچا تو آپ ﷺ نے اسے دیکھتے ہی فرمایا کہ

لَقَدْ سَهُلَ لَكُمْ مِنْ أَمْرِكُمْ، قَدْ أَرَادَ الْقَوْمُ الصُّلْحَ حِينَ بَعَثُوا هَذَا الرَّجُلَ

یعنی اب معاملہ آسان ہوتا نظر آتا ہے۔ قریش نے صلح کا ارادہ کر لیا ہے تبھی سہیل کو بھیجا ہے۔ دراصل نام میں ادبی خوبی یہ تھی کہ لفظ سہیل اور سہل ایک ہی روٹ سے تعلق رکھتے ہیں اور آنحضرت ﷺ کا یہ بھی طریق مبارک تھا کہ بعض اوقات ناموں سے نیک فال لے لیا کرتے تھے۔

(بخاری، کتاب الشروط، حدیث نمبر 2731)

وہ دلبر یگانہ علموں کا ہے خزانہ
باقی ہے سب فسانہ سچ بے خطا یہی ہے
سب ہم نے اُس سے پایا شاہد ہے تُو خدایا
وہ جس نے حق دکھایا وہ مَہ لقا یہی ہے

اگر غور سے دیکھا جائے تو فراست ایمانی اور بصیرت روحانی کے پیچھے اللہ تعالیٰ کی دو عظیم الشان صفات العلیم اور الحکیم کارفرما نظر آتی ہیں اور ہمارے پیارے نبی آنحضرت ﷺ خدا تعالیٰ کی ان صفات یعنی علیمؔ حکیمؔ کے مظہر اتم تھے۔

صلح حدیبیہ کا واقعہ آنحضرت ﷺ کی فراست و حکمت کا ایک بے مثال واقعہ ہے۔ یہ صلح اُس وقت ہوئی جب مسلمان مکہ میں عمرہ ادا کرنے کے لیے آئے لیکن کفارِ مکہ نے انہیں روکا اور عمرہ کی اجازت نہ دی۔ آپ ﷺ

خدمت میں پیش کر دیا۔ آپ نے اللہ کی حمد کی اور اس کا نام لے کر باقی ماندہ دودھ نوش فرمالیا۔

(صحیح بخاری(84)کتاب الرقاق باب(17)

یَاأَبَابَکْرٍ بَرَدَ أَمْرُنَا وَصَلُحَ

یعنی اے ابو بکر! ہمارا کام ٹھنڈا اور درست ہوا۔

اُس نور پر فدا ہوں اُس کا ہی میں ہوا ہوں
وہ ہے مَیں چیز کیا ہوں بس فیصلہ یہی ہے

آپ ﷺ اپنے رب کی عطا کردہ ایمانی فراست اور بصیرت روحانی سے رونما ہونے والے واقعات کے پس منظر الٰہی پیغامات اور اشارات بھی خوب سمجھتے تھے۔ ہجرت مدینہ کے موقعہ پر سو اونٹوں کی لالچ میں آپ ﷺ کی تلاش میں ایک شخص بریدہ اسلمی بھی تھا۔ یہ اپنی قوم کا سردار تھا جو ستر آدمیوں سمیت نکلا تھا۔ یہ رات کے وقت آنحضور ﷺ کے پاس پہنچا۔ جب یہ بریدہ قریب ہوا تو رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: ''تم کون ہو؟'' کہنے لگا: میں بریدہ ہوں۔ ۔ عربی زبان میں برد کے معنی ٹھنڈک کے ہوتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابو بکر صدیقؓ کی طرف دیکھا اور فرمایا: پھر آپ ﷺ نے پوچھا: مِمَّنْ أَنْتَ یعنی تمھارا تعلق کس قبیلے سے ہے؟'' اس نے کہا: قبیلہ اسلم سے ہوں۔ اسلم چونکہ سلامتی سے ہے چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو بکرؓ سے فرمایا: ''ہم سلامت رہے۔

پھر آپ ﷺ نے پوچھا کہ: ''قبیلہ اسلم کی کس شاخ سے ہو؟'' بریدہ کہنے لگا: بنو سہم سے۔ سہم کے معنی حصہ کے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تیرا حصہ نکل آیا، یعنی تجھ کو اسلام سے حصہ ملے گا۔'' اب بریدہ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: آپ کون ہیں؟ آپ ﷺ نے جواب دیا: محمد بن عبد اللہ، اللہ کا رسول ہوں۔ یہ جواب سنتے ہی بریدہ اپنی قوم سمیت ایمان لے آیا۔

(معرفۃ الصحابۃ، بریدۃ بن الحصیب الاسلمی)



میں نے ان سے قرآن کریم کی ایک آیت کے بارے میں پوچھا۔ مقصد یہ تھا کہ وہ مجھے کھلا پلا کر سیر کر دیں ۔ مگر وہ چلے گئے اور ایسا کچھ بھی نہ کیا۔ پھر میرے پاس سے حضرت عمرؓ گزرے ان سے بھی میں نے اپنی اسی غرض سے قرآن کریم کی ایک آیت کی تفسیر پوچھی۔ وہ بھی چلے گئے اور میرے لئے کچھ نہ کیا۔ پھر میرے پاس سے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا گزر ہوا۔ میرے کچھ پوچھنے سے پہلے ہی آپ مجھے دیکھ کر مسکرا دیئے۔ وہ میرے چہرے کے آثار دیکھ کر میرے دل میں جو کچھ تھا اس کی ساری حقیقت جان گئے تھے آپ ﷺ نے فرمایا: ابو ہریرہؓ! میں نے عرض کیا لبیک یا رسول اللہ ! فرمایا: **میرے ساتھ چلو** ،میں آپ کے پیچھے ہولیا۔ آپ ﷺ اپنے گھر تشریف لے گئے اور مجھے بھی اندر بلا لیا۔ گھر میں آپ نے دودھ کا ایک پیالہ موجود پایا۔ گھر والوں سے پوچھا کہ یہ دودھ کہاں سے آیا؟ انہوں نے بتایا فلاں شخص نے تحفہ بھیجا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا ابو ہریرہؓ! جاؤ اور مسجد سے اصحاب صفہ کو بلا لاؤ۔ یہ وہ لوگ تھے جن کا اپنا کوئی گھر بار نہ تھا اور رسول اللہ ﷺ کے تحفے تحائف پر ہی اُن کا گزارہ ہوتا تھا۔ مجھے یہ بات اچھی نہ لگی کہ اتنا تھوڑا سا دودھ کیسے اصحاب صفہ میں پورا پڑے گا جبکہ اپنی بھوک مٹانے کے لئے اس دودھ کا سب سے زیادہ حقدار میں اپنے آپ کو ہی سمجھتا تھا۔ مجھے یہ خیال بھی آیا کہ جب وہ لوگ آئیں گے تو رسول اللہ ﷺ مجھے ہی ارشاد فرمائیں کہ میں ان میں دودھ بانٹوں۔ مجھے امید نہ تھی کہ میرے لئے بھی کچھ دودھ بچ رہے گا۔ مگر اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کے سوا میرے لئے کوئی چارہ نہ تھا۔ خیر میں انہیں بلا لایا جب وہ رسول اللہ ﷺ کے گھر میں بیٹھ چکے تو وہی ہوا جس کا ڈر تھا حضور ﷺ نے فرمایا لو اب ان کو دودھ پلاؤ۔ میں نے دودھ کا پیالہ لیا اور وہاں موجود ہر شخص کو دودھ پلانے لگا، یہاں تک ، کہ جب وہ سیر ہو جاتا تو پیالہ مجھے دے دیتا اور میں دوسرے شخص کو پیالہ دے دیتا اور جب وہ سیر ہو جاتا تو پیالہ مجھے واپس دے دیتا۔ پھر میں تیسرے شخص کو دے دیتا جب وہ سیر ہو جاتا تو پیالہ مجھے دے دیتا۔ بالآخر میں وہ پیالہ لے کر نبی کریم ﷺ کے پاس پہنچا۔ سب لوگ سیر ہو کر دودھ پی چکے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے پیالہ لے کر اپنے ہاتھ پہ رکھا اور مجھے دیکھ کر تبسم فرمایا اور کہنے لگے ابو ہریرہ! اب میں اور تم باقی رہ گئے عرض کیا جی ہاں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اب بیٹھو اور پیو۔ میں بیٹھ کر پینے لگا آپ نے فرمایا اور پیو۔ میں نے اور پیا مگر آپ ﷺ فرما رہے تھے اور پیو۔ یہاں تک کہ میں نے عرض کیا اُس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے، اب تو میرے اندر دودھ جانے کی کوئی گنجائش نہیں فرمایا پھر لاؤ مجھے دو۔ میں نے دودھ کا وہ پیالہ آپ ﷺ کی

ایمانی فراست اور روشن بصیرت اللہ تعالیٰ کی طرف کامل طور جھکنے اور دعاؤں کے ذریعہ اس سے مدد چاہنے کے نتیجہ میں بڑھا کرتی ہے۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ کا حال یہ تھا کہ اپنی صبح کا آغاز نماز فجر سے پہلے اس دعا سے کرتے تھے:

اے اللہ! میرے دل میں نور پیدا کر دے۔ میری قبر بھی روشن کر دے۔ میرے سامنے اور پیچھے بھی روشنی ہو۔ دائیں اور بائیں بھی روشنی ہو، اوپر اور نیچے بھی نور ہو۔ میری سماعت اور بصارت کو بھی جلا عطاء کر۔ میرے بال اور جلد بھی نورانی کر دے۔ میرے کوشت اور خون میں بھی نور بھر دے۔ مولیٰ! میرا نور بڑھا دے اور مجھے نور عطاء کر دے اور مجھے سراپا نور ہی بنا دے۔

(ترمذی، کتاب الدعوات باب30)

رسول اللہ کی فراست ایمانی اور بصیرت روحانی کی یہ گواہی بھی قرآن شریف میں درج ہے کہ آپ ﷺ حاجت مندوں کو ان کے چہرے کے آثار سے پہچان لیتے ہیں (سورۃ البقرہ: 142)

آپ ﷺ نے لوگوں کو بھی اس خلق سے روشناس کرنے کیلئے ارشاد فرمایا:

”مسکین وہ نہیں ہوتا جو لوگوں کے گھروں میں جا کر ایک دو لقمے یا کھجوریں مانگتا پھرے بلکہ مسکین وہ ضرورت مند ہے جسے ایسی آسائش میسر نہ ہو جو اسے سوال سے بے نیاز کر دے۔ مگر وہ لوگوں سے مانگتا نہیں پھرتا۔ نہ ہی عام لوگوں کو اس کی حالت کا علم ہوتا ہے کہ وہ اس کو صدقہ دے سکیں“۔

(صحیح مسلم، حدیث نمبر13 کتاب الزکوۃ باب35)

ایک دفعہ رسول کریم ﷺ مسجد نبوی میں خطبہ جمعہ ارشاد فرما رہے تھے کہ ایک نادار شخص اندر آیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: لوگو! صدقہ دو۔ کچھ لوگوں نے صدقہ دیا۔ آپ ﷺ نے اس میں سے دو کپڑے اس مفلوک الحال کو عطا فرمائے اور دوبارہ ارشاد فرمایا کہ لوگو! صدقہ دو تو اس شخص نے اپنے دو کپڑوں میں سے ایک کپڑا صدقہ میں دے دیا آپ ﷺ نے فرمایا تم نے دیکھا نہیں کہ یہ شخص خستہ حال مسجد میں آیا مجھے امید تھی کہ تم اس کی حالت دیکھ کر صدقہ کرو گے مگر تم نے صدقہ نہ کیا تو مجھے کہنا پڑا کہ صدقہ دو پھر تمہارے صدقہ میں سے میں نے اسے دو کپڑے دیئے اور کہا صدقہ دو تو اس شخص نے ان دو کپڑوں میں سے ایک صدقہ میں دے دیا اور مجھے اسے ڈانٹ کر کہنا پڑا کہ اپنا کپڑا واپس لے لو۔

(مسند احمد، حدیث نمبر1197)

بصیرت روحانی کا ایک اور شاندار نظارہ حضرت ابوہریرہ ؓ یوں بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ شدت فاقہ سے میرا بُرا حال تھا اور میں نے بھوک کی وجہ سے پیٹ پر پتھر باندھ رکھے تھے۔ میں اس رستے پر بیٹھ گیا جہاں سے لوگ گزرتے تھے۔ حضرت ابو بکرؓ وہاں سے گزرے تو

وارد ہوا تو آپ کا وجود مجمع الانوار بن گیا۔

(براہین احمدیہ روحانی خزائن جلد ا حاشیہ ص195)

پس فراست ایمانی سے مراد وہ آنکھ ہے جو نور الٰہی سے دیکھتی ہے۔ اور یہ قوت انسان کی ایمانی طاقت کے مطابق اسے ملتی ہے اور سب سے بڑھ کر یہ مقام ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کو عطا ہؤا جن کو قرآن کریم میں اول المسلمین کہہ کہ بصیرت کے اعلیٰ مرتبہ پر فائز قرار دیا گیا ہے۔ فرمایا:

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ

تُو کہہ دے کہ یہ میرا راستہ ہے۔ میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں۔ میں بصیرت پر ہوں اور وہ بھی جس نے میری پیروی کی۔

(سورہ یوسف:109)

رسول اللہ ﷺ نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا:

اتَّقُوا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَإِنَّهُ يَنْظُرُ بِنُورِ اللّٰهِ

یعنی مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔ پھر آپ ﷺ نے سورۃ الحجر کی آیت ۷۶ کی تلاوت فرمائی کہ

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ

اس میں فراست کی نظر رکھنے والوں کے لئے نشان ہیں۔

(ترمذی، تفسیر القرآن عن رسول اللہ ﷺ، حدیث نمبر 3127)

حقیقت یہ ہے کہ سب سے بڑھ کر یہ فراست ایمانی اور بصیرت روحانی ہمارے نبی ﷺ کو نصیب تھی۔ پھر حسب مراتب دیگر مومنوں کو۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ

اِنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عِبَادًا يَعْرِفُونَ النَّاسَ بِالتَّوَسُّمِ

یعنی اللہ عزّ و جلّ کے ایسے بندے ہوتے ہیں جو لوگوں کو غور سے دیکھ کر پہچان لیتے ہیں۔

(معجم اوسط طبرانی، حدیث نمبر 2935)

مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے کیا خوب فرمایا ہے:

عقل کو دین پہ حاکم نہ بناؤ ہر گز
یہ تو خود اندھی ہے گر نیر الہام نہ ہو

یہی وجہ ہے کہ باخدا لوگوں کی کامیابی کی شرح اہل دنیا کی جبلی ذہانت اور تجرباتی دانش مندی سے کہیں بڑھ کر ہوتی ہے۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار نبیوں اور ان کے ماننے والوں کی تاریخ اور سیرت اس پر شاہد ناطق ہے۔ جن میں سر فہرست ہمارے نبی حضرت محمد مصطفی ﷺ آتے ہیں جن کی ذات میں یہ معجزہ رونما ہوا کہ وہ امی اور ناخواندہ ہو کر ساری دنیا کے معلم کتاب و حکمت بنائے گئے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

امی ودر علم وحکمت بے نظیر
زیں چہ باشد حجتی روشن ترے

یعنی آنحضرت ﷺ پڑھے لکھے نہ تھے مگر علم و حکمت میں آپ جیسا کوئی نہیں ہوا (آپ ﷺ کی سچائی کی) اس سے زیادہ روشن دلیل اور کیا ہو سکتی ہے۔

اسی کامیاب ترین انسان حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی نورانی زندگی کے چند چنیدہ خوبصورت اور ایمان افروز واقعات کا ذکر آج مقصود ہے تا اس بزرگ ہستی کے اسوۂ حسنہ سے ہم اپنے لئے علم و حکمت اور فراست و بصیرت کے عمدہ نمونے اور سبق تلاش کریں۔

رسول کریم ﷺ کی فراست نورانی اور بصیرت روحانی کی شہادت تو خود عرش کا خدا دیتا ہے کہ آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے نور کے مظہر اتم تھے۔ سورہ نور کی آیت چھتیس میں یہ ایمان افروز حقیقت اس طرح بیان فرمائی گئی ہے کہ:

اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ اس کے نور کی مثال ایک طاق کی سی ہے جس میں ایک چراغ ہو۔ وہ چراغ شیشے کے شمع دان میں ہو۔ وہ شیشہ ایسا ہو گویا ایک چمکتا ہوا روشن ستارہ ہے۔ وہ (چراغ) زیتون کے ایسے مبارک درخت سے روشن کیا گیا ہو جو نہ مشرقی ہو اور نہ مغربی۔ اس (درخت) کا تیل ایسا ہے کہ قریب ہے کہ وہ از خود بھڑک کر روشن ہو جائے خواہ اسے آگ کا شعلہ نہ بھی چھوا ہو۔ یہ نور علیٰ نور ہے۔ اللہ اپنے نور کی طرف جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور اللہ لوگوں کے لئے مثالیں بیان کرتا ہے اور اللہ ہر چیز کا دائمی علم رکھنے والا ہے۔

(النور:36)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام اس کی وضاحت یوں فرماتے ہیں کہ:

اس قرآنی تمثیل میں یہ خوبصورت مضمون بیان ہوا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی نورانی عقل الہام سے پہلے خود بخود روشن ہونے پر مستعد تھی اور کئی نور حضرت خاتم الانبیاء میں جمع تھے ان نوروں پر وحی الٰہی کا نور آسمانی

آنحضرت ﷺ کی خداداد فراست و بصیرت

رائے اطہر احمد۔ مقامی ریجن

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

(سورۃ البقرۃ:130)

اور اے ہمارے ربّ! تو ان میں انہی میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کر جو ان پر تیری آیات کی تلاوت کرے اور انہیں کتاب کی تعلیم دے اور (اس کی) حکمت بھی سکھائے اور اُن کا تزکیہ کر دے۔ یقیناً تُو ہی کامل غلبہ والا (اور) حکمت والا ہے۔

یہ موضوع ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی سیرتِ طیبہ کا ایک اہم درخشاں پہلو ہے۔ ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ دنیا میں انسان کو قدم قدم پر مشکلات اور امتحانات کا سامنا ہوتا ہے۔ لا مذہب لوگ اپنی عقل، تجربے، اور ذہانت سے ان مشکلات کا حل ڈھونڈتے ہیں، جو کبھی کامیاب ہوتے ہیں اور کبھی ناکام۔ مگر ایک عارف باللہ انسان کا رویہ مختلف ہوتا ہے کیونکہ وہ ایک قادر مطلق ہستی، یعنی اللہ تعالیٰ، پر ایمان رکھتا ہے جو سراپا نور اور ہادی ہے۔ ایسا انسان اللہ کی طرف سے عطا کردہ نورِ معرفت، فراست اور روحانی بصیرت کو اہمیت دیتا ہے، جو اسے مشکلات سے کامیابی کی طرف گامزن کرتی ہے جبکہ محض عقل تو الہام کی روشنی کے بغیر اندھی ہے۔ حضرت

TARIQ Magazine
طارق

مجلس خدام الاحمدیہ یوکے
مارچ 2025ء

اور **طارق** نام ہے اس وقت کا جب اسلام کو غلبہ حاصل ہو جائے گا کیونکہ **مہدی** کے ہاتھ پر ہی اسلام کی **فتح** اور اس کی شریعت کا قیام مقدر ہے۔

حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ
(تفسیر کبیر جلد 12 صفحہ 6)

MAJLIS
KHUDDAMUL AHMADIYYA
UNITED KINGDOM

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ

میں گواہی دیتا ہوں کہ سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں، وہ ایک ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

میں اقرار کرتا ہوں کہ دینی، قومی اور ملی مفاد کی خاطر میں اپنی جان، مال، وقت اور عزت کو قربان کرنے کے لئے ہر دم تیار رہوں گا۔
اسی طرح خلافت احمدیہ کے قائم رکھنے کی خاطر ہر قربانی کے لئے تیار رہوں گا اور خلیفہ وقت جو بھی معروف فیصلہ فرمائیں گے اس کی پابندی کرنی ضروری سمجھوں گا۔
(ان شاء اللہ تعالیٰ)

TARIQ Magazine

طارق

Majlis Khuddamul Ahmadiyya UK

MAJLIS
KHUDDAMUL AHMADIYYA
UNITED KINGDOM

Tariq Magazine
A publication of Majlis Khuddamul Ahmadiyya
United Kingdom